Information for Patients

# Beta-adrenoceptor Blockers Tablets/Oral

**(Drugs included in this class are: Atenolol, Bisoprolol,Carvedilol, Metoprolol,Propranolol)**

## Indications:

Beta-blockers are used to treat chest pain caused by blockage in blood vessels, high blood pressure and irregular heartbeat. Other uses include prevention of anxiety and migraine, glaucoma and to reduce the symptoms related to an overactive thyroid gland.

## Directions for use:

- Take your medicine at the same time every day
- Beta-blockers are usually taken once or twice daily.
- Use the medication regularly to get the most benefit from it
- Have your blood pressure and pulse checked regularly
- Do not take aluminum containing antacid with these medicines
- Do not discontinue your medicine without consulting your doctor

## Tell your doctor if you:

- Are allergic to Beta-Blockers
- Take any other prescription or non-prescription medicine
- Have asthma or other breathing problems
- Have kidney or liver disease
- Are pregnant, planning to become pregnant or breast-feeding

## Common side effects:

- Cold extremities
- Fatigue
- Dizziness
- Dry mouth
- Asthma attacks or wheezing

## Consult your physician immediately if any of the following conditions occur:

- Shortness of breath
- Swelling of ankles and feet
- Chest pain or a very slow heart beat rate(less than 50 heartbeats per minute)

## What to do if a dose is missed:

- Take the missed dose as soon as you remember
- Skip the missed dose if it is almost time for your next scheduled dose
- Do not take extra medicine to make up for the missed dose

## What to do if there is an overdose:

- Seek immediate emergency medical attention for any suspected overdose.

## Storage:

- Store at room temperature away from light and moisture
- Keep all medicines away from children and pets
- Do not use medication beyond the expiry date mentioned on the pack
- Do not share your medicine with anyone

**For more information, please contact:**

**Drug and Poison Information Centre, Department of Pharmacy Services,**
**Aga Khan University Hospital, Karachi**
P.O. Box 3500, Stadium Road, Karachi-74800, Pakistan.
Tel: 021 3486 1504/1506; Email: drug.information@aku.edu; Website: hospitals.aku.edu/karachi/dpic

آغا خان یونیورسٹی ہسپتال، کراچی
**The Aga Khan University Hospital,** Karachi

A Unit of The Aga Khan Hospital and Medical College Foundation; Licensed under Section 42 of the Companies Ordinance, 1984; Registered Office: Stadium Road, P. O. Box 3500, Karachi 74800, Pakistan

# مریضوں کے لیے رہنما ہدایات

# بیٹا ایڈرینوسیپٹر بلاکرز

## علامات:

بیٹا بلاکرز ایسی ادویات ہیں جو خون کی نالیوں میں رکاوٹ، ہائی بلڈ پریشر اور دل کی بے قاعدہ دھڑکن کے باعث ہونے والے سینے کے درد کے علاج کے لیے دی جاتی ہیں۔ اسے اینگزائٹی (ذہنی الجھن)، میگرین (آدھے سر کا درد)، گلاؤکوما (سبز موتیا) اور حد سے زیادہ فعال تھائرائیڈ گلینڈ کے باعث پیدا ہونے والی علامات سے تحفظ کے لیے بھی دیا جاتا ہے۔ بیٹا بلاکرز میں ایٹینولول، بائسو پرولول، کارویڈیلول، میٹوپرولول اور پروپرینولول شامل ہیں۔

## استعمال کی ہدایات:

- دوا روزانہ ایک ہی مقررہ وقت پر لیں۔
- دوا باقاعدگی سے لیں تاکہ اس کا مکمل فائدہ حاصل ہو۔
- بلڈ پریشر اور نبض باقاعدگی سے چیک کرائیں۔
- ان دواؤں کے ساتھ ایلومینیم کی حامل اینٹیسڈز نہ لیں۔
- ڈاکٹر کے مشورے کے بغیر ادویات کا استعمال ترک نہ کریں۔

## مندرجہ ذیل صورتوں میں ڈاکٹر کو مطلع کریں:

- اگر آپ کو بیٹا بلاکرز ادویات سے الرجی ہو۔
- اگر آپ کوئی تجویز کردہ یا غیر تجویز کردہ دوا استعمال کر رہے ہوں۔
- اگر آپ کو دمہ یا سانس کا کوئی اور مرض ہو۔
- آپ جگر یا گردوں کے مرض میں مبتلا ہوں۔
- اگر آپ حاملہ ہوں، حاملہ ہونے کا ارادہ رکھتی ہوں یا بچے کو دودھ پلاتی ہوں۔

## عمومی ضمنی اثرات:

- ہاتھ پیر ٹھنڈے رہنا
- تھکن
- چکر آنا
- منہ کی خشکی
- دمے کا حملہ یا سانس لیتے وقت سیٹی کی آواز آنا

## ڈاکٹر سے فوراً رجوع کریں اگر:

- سانس پھولنے لگے
- ٹخنوں اور پیروں میں سوجن محسوس ہو
- سینے میں درد یا دل کی رفتار بے حد کم ہو جائے (1 منٹ میں 50 سے کم)

## اگر دوا کی خوراک لینا بھول جائیں تو:

- جیسے ہی یاد آئے بھولی ہوئی خوراک لے لیں۔
- اگر اگلی خوراک لینے کا وقت ہو گیا ہے تو بھولی ہوئی خوراک نہ لیں۔
- بھولی ہوئی خوراک کی کمی کو پورا کرنے کے لیے دوا کی زائد خوراک نہ لیں۔

## اگر اضافی خوراک لے لیں تو:

- اگر آپ غلطی سے دوا کی اضافی خوراک لے لیں تو فوراً ڈاکٹر سے رجوع کریں۔

## دوا محفوظ کرنے کا طریقہ:

- کمرے کے درجہ حرارت پر، روشنی اور نمی سے محفوظ رکھیں۔
- تمام ادویات بچوں اور پالتو جانوروں کی پہنچ سے دور رکھیں۔
- پیک پر دی گئی انتہائی تاریخ استعمال کے بعد دوا استعمال نہ کریں۔
- اپنی ادویات کسی اور کو استعمال کے لیے نہ دیں۔


**مزید معلومات کے لیے برائے مہربانی رابطہ کریں:**

ڈرگ اینڈ پوائزن انفارمیشن سینٹر، ڈیپارٹمنٹ آف فارمیسی سروسز

آغا خان یونیورسٹی ہسپتال، کراچی

پی او بکس 3500 اسٹیڈیم روڈ، کراچی 74800 پاکستان

فون: 1504/1506 3486 21 92+ ای میل: drug.information@aku.edu ویب سائٹ: hospitals.aku.edu/Karachi/dpic


آغا خان یونیورسٹی ہسپتال، کراچی

The Aga Khan University Hospital, Karachi


A Unit of The Aga Khan Hospital and Medical College Foundation; Licensed under Section 42 of the Companies Ordinance, 1984; Registered Office: Stadium Road, P. O. Box 3500, Karachi 74800, Pakistan